AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS XI

ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023

Urdu Compulsory Paper I

Time: 55 minutes Marks: 40

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

ہدایات

1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 40 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

امیدوار کے دستخط



5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

پہلا جُزو: سمعی مہارتیں

ہدایات پر غور کیجیے۔

اس جُزو کا کل دورانیہ 25 منٹ ہے اور اس کے کل نمبر 20 ہیں۔ آپ کو دو اقتباسات سنائے جائیں گے۔ ہر اقتباس دو بار سنایا جائے گا۔ پہلے آپ اقتباس نمبر 1 کو غور سے سنیے اور پھر اس اقتباس سے متعلق 10 سوالات کو خاموشی سے پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ ہو گا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 1 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر موجود چار دائروں میں سے کسی ایک صحیح دائرے کو پُر کر کے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات حل کرنے کے لیے آپ کو 3 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔ اس کے فوراً بعد آپ اقتباس نمبر 2 سنیں گے اور اس کے بعد اقتباس نمبر 2 سے متعلق 10 سوالات خاموشی سے پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ دیا جائے گا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 2 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر موجود چار دائروں میں سے کسی ایک صحیح دائرے کو پُر کر کے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات حل کرنے کے لیے بھی آپ کو 3 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔

اقتباس نمبر 1 سے متعلق سوالات:

1۔ سمعی اقتباس کے آغاز میں بیان ہوا ہے کہ خطۂ زمین 'لیاری' شہر کراچی میں

A۔ غربت کا شکار ہے۔
B۔ ثقافت کا مرکز ہے۔
C۔ حرمت کا باعث ہے۔
D۔ شہرت کا درجہ رکھتا ہے۔

2۔ سمعی اقتباس کے مطابق 'لیاری' کا یہ نام کس کی وجہ سے پڑا؟

A۔ درخت
B۔ سمندر
C۔ ندی
D۔ دریا

3۔ ماہرینِ آثارِ قدیمہ کے مطابق، تقریباً چار ہزار سال قبل لیاری ندی اور یہ علاقہ کس اعتبار سے اہمیت کا حامل تھا؟

A۔ تعلیمی
B۔ سیاحتی
C۔ تجارتی
D۔ زراعتی

4۔ سمعی اقتباس کے مطابق سندھی ماہی گیروں کو 'لیاری' میں آباد کرنا، دراصل

A۔ اس خطے کو گنجان آباد بنانا تھا۔
B۔ اُنھیں زمین کا نعم البدل دینا تھا۔
C۔ اُنھیں برساتی سیلاب سے محفوظ رکھنا تھا۔
D۔ دیگر برادریوں سے تعلقات قائم کروانا تھا۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

5۔ سمعی اقتباس میں پیر الٰہی بخش صاحب کا ذکر کس حوالے سے آیا ہے؟

A۔ مذہبی خدمات
B۔ فلاحی خدمات
C۔ ثقافتی خدمات
D۔ لسانی خدمات

6۔ ''۔۔۔لیاری مختلف برادریوں کے کلچر سے سجا ایسا گلدستہ بن گیا جس کا نمایاں پھول بلوچ اور نمایاں خوش بو بلوچ ثقافت ہے۔''

سمعی اقتباس سے ماخوذ درج بالا جملے میں کون سی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟

A۔ تشبیہ
B۔ محاورہ
C۔ استعارہ
D۔ ضرب المثل

7۔ سمعی اقتباس میں لیاری میں کھیلے جانے والے درج ذیل کھیلوں کا ذکر ہوا ہے، **ماسوائے**

A۔ باکسنگ۔
B۔ کرکٹ۔
C۔ فٹ بال۔
D۔ سائیکلنگ۔

8۔ سمعی اقتباس کے اختتامی جملے میں لیاری کو کراچی کے دیگر علاقوں پر کس اعتبار سے ترجیح دی گئی ہے؟

A۔ تعلیمی
B۔ ثقافتی
C۔ سیاحتی
D۔ معاشی

9۔ سمعی اقتباس کا بنیادی وصف کیا ہے؟

A۔ تخیلاتی
B۔ تجزیاتی
C۔ تمثیلاتی
D۔ معلوماتی

10۔ سمعی اقتباس کا تعلق کس صنف سے ہے؟

A۔ مضمون
B۔ روداد
C۔ تبصرہ
D۔ کہانی

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ پلٹیے

اقتباس نمبر 2 سے متعلق سوالات:

11۔ سمعی اقتباس کی تمہید میں پڑوسیوں کے ذکر میں کون سا تأثر نمایاں ہے؟

A۔ محبت
B۔ حمایت
C۔ تشویش
D۔ اطمینان

12۔ سمعی اقتباس کے مطابق، پڑوسیوں کے درمیان ہونے والے جھگڑے بڑھتے ہی چلے جانے کا سبب کیا ہوتا ہے؟

A۔ عدم برداشت
B۔ بچوں کی شرافت
C۔ خاندانی روایت
D۔ نوکرانی کی مداخلت

13۔ سمعی اقتباس کے مطابق، بچوں کے ساتھ والدین کا کس قسم کا رویہ بچوں میں مزید بگاڑ کا باعث بنتا ہے؟

A۔ بلاوجہ سختی
B۔ آپس میں نا اتفاقی
C۔ بے جا طرف داری
D۔ شرارت میں شراکت داری

14۔ سمعی اقتباس میں مستعمل الفاظ 'کان پک گئے ہیں' سے کیا مراد ہے؟

A۔ کان میں درد ہو جانا
B۔ سن سن کے تنگ آ جانا
C۔ بات سن کر انجان بن جانا
D۔ سماعت میں کم زوری آ جانا

15۔ سمعی اقتباس میں مذکور پڑوسن نے کتا اِس لیے پال رکھا تھا تاکہ وہ

A۔ گھر کا بچا ہوا کھانا کتے کو کھلا سکے۔
B۔ تمام پڑوسیوں کو پریشان کر سکے۔
C۔ گانا سکھانے والی صاحبہ کو تنگ کر سکے۔
D۔ گانا سیکھنے آنے والے بچوں کو ڈرا سکے۔

16۔ سمعی اقتباس میں بچوں کی آپس میں لڑائی کے حوالے سے ان کی کس خصلت کو نمایاں کیا گیا ہے؟

A۔ ناراض رہنا
B۔ درگزر کرنا
C۔ بہادری دکھانا
D۔ کپڑے میلے کر لینا

17۔ سمعی اقتباس میں اپنے پڑوسیوں کے گھر بہت زیادہ جانے والی خواتین کے کس رویے پر تنقید کی گئی ہے؟

A۔ بے رخی
B۔ بے تکلفی
C۔ بے توجہی
D۔ بے زاری

18۔ سمعی اقتباس میں مذکور بیوی نے اپنے شوہر کو کیوں فون کیا؟

A۔ نو بجے تک گھر آنے کے لیے
B۔ راجو کی شکایت کرنے کے لیے
C۔ ٹکٹ اور کافی منگوانے کے لیے
D۔ آفس پہنچ جانے کا پوچھنے کے لیے

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

19۔ سمعی اقتباس کے اختتامی جملے کے مطابق، پڑوسی آپس میں ایک دوسرے کے کام آسکتے ہیں، بہ شرطے کہ ان کے

A۔ مکانات اچھے ہوں۔

B۔ تعلقات اچھے ہوں۔

C۔ کاروبار اچھے ہوں۔

D۔ رشتے دار اچھے ہوں۔

20۔ سمعی اقتباس صنفِ ادب کے اعتبار سے کس زُمرے میں آئے گا؟

A۔ ڈراما

B۔ کہانی

C۔ سفرنامہ

D۔ طنز و مزاح

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ پلٹیے

دوسرا جُزو: تفہیم عبارت خوانی

اس حصّے کو مکمل کرنے کے لیے آپ کے پاس 30 منٹ ہیں۔

پہلا اقتباس:

شفقت دوپہر کو دفتر سے آیا تو گھر میں مہمان آئے ہوئے تھے۔ عورتیں تھیں جو بڑے کمرے میں بیٹھی تھیں۔ شفقت کی بیوی عائشہ ان کی مہمان نوازی میں مصروف تھی۔ جب شفقت صحن میں داخل ہوا تو اس کی بیوی باہر نکلی اور کہنے لگی: ''عزیز صاحِب کی بیوی اور ان کی لڑکیاں آئی ہیں۔''۔۔۔ ''اوہ! عزیز چچا۔۔۔ مگر وہ تو افریقہ میں تھے۔''۔۔۔ اندر سے عزیز کی بیوی کی آواز آئی: ''عائشہ! تم نے روک کیوں لیا شفقت کو۔ آنے دو۔ آؤ! شفقت بیٹا! آؤ!۔۔۔''

''آداب عرض! چچی جان۔''۔۔۔ شفقت بیٹھنے لگا تو اس نے دیکھا کہ سامنے صوفے پر دو گوری گوری لڑکیاں بیٹھی ہیں۔ ایک چھوٹی تھی، دوسری بڑی۔۔۔ ان کی ماں ان سے مخاطب ہوئی: ''بیٹا! سلام کرو بھائی کو۔'' چھوٹی نے اٹھ کر شفقت کو آداب عرض کیا۔ بڑی نے بیٹھے بیٹھے ذرا جھک کر کہا: ''تسلیمات!''۔۔۔ اس کے بعد عزیز صاحِب اور افریقہ کے متعلق باتوں کا لامتناہی سلسلہ شروع ہوگیا۔۔۔ کہاں کا موسم اچھا ہے، کہاں کا خراب ہے، پھل کہاں اچھے ہوتے ہیں۔۔۔ پھلوں کا ذکر چھیڑا تو چھوٹی نے کہا: ''یہاں ہندوستان میں تو نہایت ہی ذلیل (برے) پھل ملتے ہیں۔'' ''جی نہیں! بڑے اچھے پھل ملتے ہیں۔ بہ شرطے کہ موسم ہو۔'' شفقت نے اپنے ہندوستان کی آبرو بچانا چاہی۔۔۔ لڑکیوں کی ماں بولی: ''شفقت بیٹا! یہ صحیح کہتی ہے۔ یہاں کے مالٹے وہاں کے مچنگوں کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔''۔۔۔ طلعت نے سر ہلایا:۔۔۔ ''اور امی جان وہاں کا انناس، بڑی روٹی کے برابر اس کی ایک قاش ہوتی ہے۔''۔۔۔

بڑی جس کا نام نگہت تھا، بالکل خاموش بیٹھی تھی۔۔۔ شفقت۔۔۔ اس سے مخاطب ہوا: ''آپ کو غالباً ان باتوں سے کوئی دل چسپی نہیں۔'' نگہت نے اپنے ہونٹ کھولے: ''جی نہیں! سنتی رہی ہوں بڑی دل چسپی سے۔'' شفقت نے کہا: ''لیکن آپ بولیں نہیں۔'' عزیز کی بیوی نے جواب دیا: ''شفقت بیٹا! اس کی طبیعت ہی ایسی ہے۔'' شفقت نے ذرا بے تکلفی سے کہا: ''چچی جان! اس عمر میں لڑکیوں کو خاموشی پسند نہیں ہونا چاہیے۔ یہ بھی کوئی بات ہے کہ منہ میں گھنگھنیاں ڈالے بیٹھے رہو۔'' پھر وہ نگہت سے مخاطب ہوا: ''جناب! آپ کو بولنا پڑے گا۔۔۔ تصویروں سے دل چسپی ہے آپ کو؟'' نگہت نے نگاہیں نیچی کر کے جواب دیا: ''جی ہے۔''

''تو اٹھیے! میں آپ کو اپنا البم دکھاؤں۔۔۔'' طلعت کھٹ سے اٹھی: ''چلیے بھائی جان! مجھے دوسروں کے البم دیکھنے کا شوق ہے۔۔۔'' شفقت، طلعت کے ساتھ دوسرے کمرے میں چلا گیا۔ نگہت خاموش بیٹھی رہی۔ شفقت، طلعت کو تصویریں دکھاتا رہا، حسب عادت طلعت بولتی رہی۔ شفقت کا دماغ کسی اور طرف تھا۔ وہ نگہت کے متعلق سوچ رہا تھا کہ وہ اس قدر خاموش کیوں ہے۔ تصویریں دیکھنے اس کے ساتھ کیوں نہ آئی۔

(مصنف: سعادت حسن منٹو)

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

پہلے اقتباس سے متعلق سوالات:

21۔ خوانی اقتباس کا آغاز کس اسلوبِ تحریر سے ہو رہا ہے؟

A۔ منظر نگاری

B۔ سراپا نگاری

C۔ مکالمہ نگاری

D۔ جذبات نگاری

22۔ اپنے گھر میں عزیز صاحب کے گھر والوں کی موجودگی کا سن کر شفقت پر **پہلے پہل** کیا کیفیت طاری ہوئی؟

A۔ خوشی

B۔ حیرانی

C۔ ناراضی

D۔ بے چینی

23۔ شفقت کا ہندوستانی پھلوں کی تعریف کرنے میں کون سا تأثر نظر آ رہا ہے؟

A۔ لاعلمی

B۔ ناپسندیدگی

C۔ حب الوطنی

D۔ احساسِ برتری

24۔ طلعت نے افریقی اناس کی قاش کو روٹی سے تشبیہ دیتے ہوئے اُس کے کون سے عنصر کو پیشِ نظر رکھا؟

A۔ غذائیت

B۔ لذت

C۔ قیمت

D۔ ہیئت

25۔ نگہت اور طلعت دونوں بہنیں مزاج کے اعتبار سے ایک دوسرے

A۔ سے مختلف تھیں۔

B۔ کو پسند کرتی تھیں۔

C۔ سے پریشان تھیں۔

D۔ کو نیچا دکھانا چاہتی تھیں۔

26۔ ’’یہ بھی کوئی بات ہے کہ <u>منہ میں گھنگھنیاں ڈالے بیٹھے رہو</u>۔‘‘

خوانی اقتباس سے ماخوذ درج بالا جملے میں خط کشیدہ الفاظ کا مفہوم کیا ہے؟

A۔ منہ چلاتے رہنا

B۔ چہرہ چھپائے رہنا

C۔ کچھ بڑبڑاتے رہنا

D۔ چپ چاپ بیٹھے رہنا

27۔ طلعت کا اندازِ گفتگو نہایت ہی

A۔ عاجزانہ ہے۔

B۔ متکبرانہ ہے۔

C۔ شوخیانہ ہے۔

D۔ تکلفانہ ہے۔

28۔ نگہت کے البم دیکھنے نہ آنے پر شفقت اُس کے بارے میں کس کیفیت میں مبتلا تھا؟

A۔ غصہ

B۔ تجسس

C۔ ہمدردی

D۔ بےزاری

Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only AKU-EB

29۔ عزیز صاحِب کا گھرانہ کتنے افراد پر مشتمل تھا؟

A۔ دو
B۔ چار
C۔ چھے
D۔ آٹھ

30۔ خوانی اقتباس کا تعلق اردو ادب کی کس صنف سے ہے؟

A۔ ڈراما نگاری
B۔ خاکہ نگاری
C۔ افسانہ نگاری
D۔ انشائیہ نگاری

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

دوسرا اقتباس:

گزشتہ اتوار کو 'لون' میں ہمارا سیب کھانے کو جی چاہا تھا۔ پونے دو مارک کے تین آئے تھے۔ آج دو پہر ہم مارکیٹ کی طرف جا نکلے تو ریڑھی پر سیب دیکھ کر پھر جی للچایا اور انگریزی محاورہ بھی یاد آیا کہ ''سیب کھاؤ اور ڈاکٹر کو بھگاؤ۔'' پاکستان میں تو خود ڈاکٹر سیب کھاتے ہیں اور فیس کا بتا کر ہمیں بھگاتے ہیں۔ ہم نے دکان دار سے کہا کہ ''یہ لو ایک مارک، جتنے جی چاہے دے دو۔'' اس نے ایک بڑا تھیلا اُٹھایا اور اس میں پندرہ بیس بھر دیے۔ ہم نے کہا: ''اے بھلے مانس! فقط ایک مارک کے دے۔ ہم خوردہ فروش دکان دار نہیں ہیں کہ ان سیبوں کی ریڑی لگائیں۔ فقط ذاتی استعمال کے لیے چاہتے ہیں۔'' اُس نے کہا: ''جناب! یہ ایک ہی مارک کے ہیں۔'' وہاں سے جانا تو ہمیں کسی اور طرف کو تھا، لیکن اس بوجھ کی وجہ سے سیدھے ہوٹل آئے۔

سیب کو بالعموم دانتوں سے یونہی کچر کچر کھایا جاتا ہے۔ آخر سبھی حیوان ایسے کھاتے ہیں تو انسان میں کون سا سُرخاب کا پر لگا ہے۔ لیکن اس وقت طبیعت ذرا مائل بہ نفاست تھی۔ ہم نے ہوٹل کی داروغن صاحبہ سے چاقو چھری وغیرہ کی فرمائش کی تاکہ کاٹ کاٹ کر کھائیں۔ اتفاق سے وہ ڈکشنری جو جرمن زبان میں ہمارے علم و فضل کی ذمہ دار ہے، ہم اوپر کمرے میں چھوڑ آئے اور چھری کی جرمن ہمیں زبانی نہیں آتی۔ داروغن صاحبہ کو انگریزی میں دخل ضرور ہے، لیکن بس ایسا ہی جیسا ہمیں جرمن میں۔ ہم نے کہا: ''نائف چاہیے۔ ایپل کاٹنا ہے۔'' ان کی سمجھ میں کچھ نہ آیا تو ہم نے ایک ہاتھ میں خیالی سیب رکھ کر دوسرے میں خیالی چھری لی اور اسے کاٹا۔ بے چاری کند ذہن پھر بھی نہ سمجھی۔ اب ہم نے بریک فاسٹ کا حوالہ دیا اور اشاروں میں ٹوس پر چھری سے مکھن لگایا۔۔۔ ہم نے خیالی سیب کو پھر سے دو ٹکڑے کیا۔ یکایک محترمہ نے چہک کر کہا: ''سیوب۔'' ہم نے بھی خوش ہو کر کہا: ''ہاں! ہاں! سیب۔ اتنی دیر سے یہی تو کہہ رہا ہوں کہ سیب کاٹنا ہے۔ اب لاؤ چھری۔''

ایک روز ہم نے پائن ایپل مانگا تھا تو دکان دار نے کہا: ''اناس۔'' تب ہمیں معلوم ہوا کہ یہاں یہ پھل 'اناس' ہی کہلاتا ہے۔ اب یہاں بھی ہم اتنی دیر سے 'ایپل' کاٹنے کے بات کر رہے تھے۔ شروع ہی میں 'سیب' کہہ دیتے تو یہ فوراً سمجھ جاتیں۔ ساتھ ہی خیال آیا کہ کسی نے اردو اور جرمن زبان کے مشترک الفاظ پر اب تک کچھ نہیں لکھا۔۔۔ شاید اس لیے کہ کسی کو جرمن آتی ہی نہیں تھی۔ ہم نے طے کیا کہ عدیم الفرصتی کے باوجود وطن واپس جاکر ہم اس موضوع پر محققانہ مقالہ لکھیں گے۔ ایک تو یہ سیب ہی مشترک نکلا اور بھی بہت سے الفاظ مشترک ہوں گے۔ اتنے میں محترمہ برآمد ہوئیں۔ ان کے ہاتھ میں نہانے کے صابن کی ایک ٹکیہ تھی۔ بولیں: ''یہ لو سیوب۔''

(مصنف: ابنِ انشا)

Annual Examination 2023 for AKU-EB Teaching and Learning only

دوسرے اقتباس سے متعلق سوالات:

31۔ خوانی اقتباس کے آغاز میں پاکستان کے حوالے سے ذکر ہوا ہے کہ یہاں

A۔ ڈاکٹروں کی فیس بہت زیادہ ہے۔
B۔ سیب کی پیداوار زیادہ ہوتی ہے۔
C۔ مریض سیب ضرور کھاتے ہیں۔
D۔ ڈاکٹر تیز بھاگتے ہیں۔

32۔ ابنِ انشا کی دکان دار سے سیب خریدتے ہوئے کس پر تکرار ہوئی؟

A۔ سیب کی قسم
B۔ سیب کے تھیلے
C۔ سیب کے وزن
D۔ سیب کی تعداد

33۔ ابنِ انشا کا سیب خرید کر واپس ہوٹل چلے آنے کا سبب کیا تھا؟

A۔ کپڑے بدلنا
B۔ مشقت سے بچنا
C۔ دوستوں سے ملنا
D۔ بریک فاسٹ کرنا

34۔ ''داروغن صاحبہ کو انگریزی میں دخل ضرور ہے، لیکن بس ایسا ہی جیسا ہمیں جرمن میں۔''

خوانی اقتباس سے ماخوذ درج بالا جملے میں قواعد کے اعتبار سے کون سی اصطلاح موجود ہے؟

A۔ استعارہ
B۔ کہاوت
C۔ محاورہ
D۔ تشبیہ

35۔ ابن انشا نے داروغن صاحبہ سے سیب کاٹنے کے لیے جو شے مانگی، اُسے **پہلی مرتبہ** کس نام سے پکارا؟

A۔ کانٹا
B۔ چاقو
C۔ نائف
D۔ چھری

36۔ ابنِ انشا کو یہ اندازہ کیوں ہوا کہ داروغن صاحبہ 'سیب' کو ہی 'سیوب' کہہ رہی ہیں؟

A۔ ڈکشنری کے مطالعے سے
B۔ ہاتھوں کے اشارے سے
C۔ پھلوں کی تصویر دکھانے سے
D۔ اناناس خریدنے کے تجربے سے

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

37۔ خوانی اقتباس کے اختتام میں ابنِ انشا وطن واپس جا کر کس کام کو کرنے کا ارادہ کرتے نظر آ رہے ہیں؟

A۔ مقالہ لکھنا

B۔ جرمن زبان سیکھنا

C۔ خوب سیب کھانا

D۔ اردو جرمن ڈکشنری ترتیب دینا

38۔ ابنِ انشا کا داروغن صاحبہ سے چاقو منگوانے پر صابن لے آنا اُن صاحبہ کی کس کیفیت کی عکاسی کر رہا ہے؟

A۔ ناسمجھی

B۔ بے ادبی

C۔ جلد بازی

D۔ بے زاری

39۔ مصنف 'اردو' اور 'جرمن' زبان میں کس لفظ کو مشترک سمجھ رہے تھے؟

A۔ مکھن

B۔ صابن

C۔ اپیل

D۔ سیب

40۔ خوانی اقتباس کا تعلق اردو ادب کی کس صنف سے ہے؟

A۔ کہانی نویسی

B۔ ڈراما نگاری

C۔ مکتوب نویسی

D۔ سفر نامہ نگاری

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

اختتام

Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only